# ماضی

حسنِ آفاق پہ لکھتے لکھتے
حسنِ اخلاق پہ لکھتے لکھتے
آج یہ سوچ کدھر لوٹ گئی
آج جذبات کدھر جا نکلے

سوچ کے گہرے بھنور سے پہلے
جذب کے دن بھی گزارے تو تھے
شوقِ دیدارِ حقیقت سے قبل
شوقِ نظارہِ جاناں بھی تو تھا

https://emad-ahmad.com/

چاہ تھی دل کو کسی نسبت کی
کسی چاہت کی، کسی الفت کی
کسی لمحے کی جہاں دل تھم جائے
کوئی قصہ کہ تا آخر دم جائے

قلب میں شوقِ نظارہ بھی تھا
آنکھ میں ذوقِ نظارہ بھی تھا
ہر طرف حسنِ دل آرا بھی تھا
اس کا اس دل کو اشارہ بھی تھا

پر مری سوچ کہیں دور پرے
کسی انجان سی منزل کے لئے
ایسے نکلی کہ نہیں پلٹی پھر
میرے جذبات کسی خواب کے ساتھ
گھر سے نکلے تو کبھی لوٹے نہیں

https://emad-ahmad.com/

حسنِ دل آرا کہیں چھوڑ آیا
ذوقِ نظارۂ جانانِ جہاں
شوقِ سیماب صفت، سیمیں بدن
قربِ جاں پارہ کہیں چھوڑ آیا

حسنِ جاناں نہ ملا تو نہ سہی
حسنِ جاں پالیا دل نے لیکن
شوقِ نظارہ نہیں پایا تو
شوقِ نظر اں تو ملا باطن کو
ذوقِ عشاق نہیں تھا مجھ میں
ذوقِ تسلیم و رضا تھا مجھ میں

آج یہ سوچ کدھر لوٹ گئی
آج جذبات کدھر جا نکلے
میرا رستہ نہیں تھا حسن و جمال
میری منزل نہیں تھی قرب و وصال

https://emad-ahmad.com/